SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**For immediate Release**
**July 29, 2016**

ایس ای سی پی کے زیر اہتمام اسلام آباد میں رجسٹرار کانفرنس کا انعقاد

اسلام آباد، ۲۹ جولائی: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اسلام آباد میں ''مستقبل کے چیلنجز اوران سے بچاؤ'' کے موضوع پر رجسٹرار کانفرنس منعقد کرائی۔

اس کانفرنس میں ایس ای سی پی کے صدر دفتر اور پاکستان بھر میں اس کے دفاتر میں قانون کے تحت اپنے دستوری فرائض سرانجام دینے والے رجسٹراروں نے شرکت کی۔اس کانفرنس کا مقصد رجسٹراروں میں نئے خیالات اور آگہی اجاگر کرانا تھا تاکہ موجودہ اور مستقبل کے چیلنجز کا مؤثر حل نکالا جاسکے۔

اپنی ابتدائی تقریر میں، چیئرمین ایس ای سی پی جناب ظفر حجازی صاحب نے تمام سی آر اوز میں یکسانیت کے حصول کے لئے ہم معیار طریقہ کار کو اپنانے اور عوام کو سہولت کی فراہمی کی اہمیت پر زور دیا۔ من جملہ دیگر اشیاء کے بحث کے موضوعات میں عالمی بہترین طور طریقوں کو اپنانا، مقننہ کے ماحول میں اصلاح، ٹیکنالوجی میں افزائش کے ذریعے کاغذ کے بغیر ماحول اپنایا جائے اور طور طریقوں کی یکسانیت کے لئے اطوار میں ہمواری پیدا کرنا شامل ہیں۔

کمپنی لاء ڈویژن کے کمیشنر جناب طاہر محمود نے اپنے اختتامی خطاب میں عوامی خدمات اور ٹیکنالوجی کے نئے رجحانات کی روشنی میں مستقبل کے چیلنجز کا حل تلاش کرنے کی ہدایات دیں۔